**15-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اصغر علی

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی، پی ایم کسان سمّان ندھی اسکیم کے تحت 18 جون کو تقریباً 20 ہزار کروڑ روپئے جاری کریں گے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ کُل اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کریں گے جس میں جموں وکشمیر میں سلامتی کی صورتحال اور امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لیا جائے گا۔

☆ اتراکھنڈ کے Rudraprayag ضلع میں سڑک کے ایک حادثے میں کم سے کم 14 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر اور وزیر اعظم نے اس حادثے پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔

☆ گروپ سات کے ملکوں نے بھارت-مغربی ایشیاء-یوروپ اقتصادی راہداری جیسے بنیادی ڈھانچے کے خصوصی پروجیکٹوں کی مدد کرنے کا عہد کیا ہے۔

☆ اور اٹھارھواں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹیول شروع ہوگیاہے۔ جنگلی جانوروں پر فلم بنانے والے Subbiah Nallamuthu کو V. Shantaram لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Agri Shivraj**

دیہی ترقی اور زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی 18 جون کو وارانسی میں PM کسان سمّان ندھی اسکیم کے تحت نو کروڑ تین لاکھ کسانوں کے کھاتوں میں تقریباً 20 ہزار کروڑ روپے منتقل کریں گے۔ نئی دلی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ گذشتہ دس برس میں گیارہ کروڑ کسانوں کے کھاتوں میں تین لاکھ کروڑ روپے منتقل کیے جا چکے ہیں۔

S/B- 2100-Shivraj Singh Chauhan

جناب چوہان نے کہا کہ انہوں نے 18 جون کو وزیراعظم کی اِس تقریب میں شرکت کرنے کے لیے سبھی وزراء اعلیٰ کو خطوط لکھے ہیں۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ دیہی ترقی اور زراعت اور کسانوں کی بہبود سے متعلق وزیر کی حیثیت سے عہدہ سنبھالنے کے بعد انہوں نے وزارت کے عہدیداران کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا ہے اور وہ کسانوں کی بہبود سے متعلق ہر اہم معاملے پر کام کر رہے ہیں۔ جناب چوہان نے کہا کہ نئی حکومت کے سو دن کے منصوبے کے تحت انہوں نے اپنی وزارت کے لیے آئندہ کے لائحہ عمل کا بھی جائزہ لیا ہے۔×

## HM High Level Meeting

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ جموں و کشمیر میں سکیورٹی کی صورتحال اور امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے کل صبح ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اِس میٹنگ میں جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال، مرکزی داخلہ سکریٹری، فوج، پولیس، جموں و کشمیر کی انتظامیہ کے سینئر افسران اور دیگر شرکت کریں گے۔ کل جناب شاہ نے نئی دلی میں وزارت داخلہ کے سینئر افسران کے ساتھ ایک میٹنگ میں جموں و کشمیر کی سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا تھا۔×

## New Uttasrakhand Accident

اتراکھنڈ کے رُدرپریاگ ضلع میں، بدری ناتھ قومی شاہراہ کے قریب Raintoli میں تقریباً 14 افراد ایک حادثے میں اُس وقت ہلاک ہو گئے جب سیاحوں کی ایک گاڑی گہری کھائی میں جا گری۔ شدید طور پر زخمی سات عقیدتمندوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے رِشی کیش کے ایمس پہنچایا گیا جبکہ دیگر سات ضلع اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ خبروں کے مطابق، جس وقت یہ حادثہ پیش آیا اُس وقت گاڑی میں 26 افرد سوار تھے۔ اطلاع موصول ہونے پر SDRF، آگ سے متعلق محکمے، آفات سے نمٹنے والی ضلع کی ٹیموں اور پولیس کی مدد سے ضلع مجسٹریٹ اور پولیس کے سپرینٹنڈنٹ کی جانب سے فوری طور پر بچاؤ کارروائی کا آغاز کیا گیا۔

جائے حادثہ سے سبھی لاشیں برآمد کر لی گئی ہیں۔ ریاستی گورنر گرمیت سنگھ اور وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے اِس حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ضلع مجسٹریٹ کو اِس واقعہ کی جامع تحقیقات کرانے کی ہدایات دی ہیں۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے اِس حادثے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔×

## Govt Three New Laws

حکومت کل کولکتہ میں فوجداری نظام انصاف کے ایڈمنسٹریشن میں بھارت کے ترقی پسندانہ قدم کے موضوع پر ایک کانفرنس کا اہتمام کرے گی۔ قانون اور انصاف کی وزارت نے کہا ہے کہ کانفرنس کا مقصد تین نئے فوجداری قوانین کی اہم خصوصیات کو اجاگر کرنا ہے۔ یہ قوانین ہیں:

بھارتیہ نیایہ سنہتا 2023، بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا اور بھارتیہ Sakshya ادھینیم 2023۔

گذشتہ سال دسمبر میں صدر جمہوریہ نے اِن تینوں قوانین کو منظوری دی تھی اور یہ اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے نافذ ہوجائیں گے۔ وزارت نے کہا ہے کہ گذشتہ دو مہینوں میں قانونی امور کے محکمے نے اِن نئے قوانین کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے نئی دلّی اور گواہاٹی میں دو بڑی کانفرنس کا اہتمام کیا ہے۔x

## UP Weather

اترپردیش میں، شدید گرمی سبھی ریکارڈس توڑ رہی ہے۔ دن کے درجہ حرارت کے ساتھ ساتھ رات کے درجۂ حرارت میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ پریاگ راج میں کم از کم درجہ حرارت نے گذشتہ 127 برس کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ پچھلے 24 گھنٹے کے دوران پریاگ راج میں رات کا درجۂ حرارت 34 اعشاریہ تین ڈگری سیلسیئس درج کیا گیا۔ اِس سے پہلے جون 1898 میں یہاں کم سے کم درجۂ حرارت 33 اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیئس رہا تھا۔ موسمیات سے متعلقہ لکھنؤ کے مرکز کے سائنسداں محمد دانش نے کہا کہ آئندہ تین دنوں کے لیے ریاست میں شدید گرمی کے تناظر میں ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

S/B- 2100 - Mohammad Danish IMD, Lucknow

سخت گرمی کے پیش نظر بنیادی تعلیم سے متعلق محکمے کے تحت چلنے والے اسکولوں کی پہلی سے آٹھویں کلاس تک کی چھٹیوں میں 24 جون تک توسیع کر دی گئی ہے۔ اِس سے پہلے یہ چھٹیاں 15 جون تک تھیں۔ ×

## Chhattisgtarh Maoists Killed

چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں کم سے کم 8 ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔ گولی باری میں حفاظتی عملے کے دو جوان زخمی ہوگئے ہیں۔ بستر ڈویژن کے Abujhmad علاقے میں ماؤنوازوں کی موجودگی کی خفیہ جانکاری ملنے کے بعد بھارت سرحدی تبّتی پولیس، ضلع ریزرو گارڈ اور خصوصی ٹاسک فورس نے مشترکہ طور پر تلاش کی کارروائی شروع کی تھی۔ آج صبح یہ جھڑپ ہوئی۔ تصادم کے مقام سے دو رائفلیں، ایک BGL لانچر اور دیگر ہتھیار اور گولہ بارود کے ساتھ ساتھ ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ زخمی ہوئے سکیورٹی اہلکار خطرے سے باہر ہیں۔ علاقے میں ابھی تک تلاش کی کارروائی جاری ہے اور تفصیلات کا انتظار ہے۔×

## Sikkim Landslide

سکّم کے وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے آج نامچی ضلعے کے Rangang-Yangang حلقے کے Majua میں چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے مقام کا معائنہ کیا۔ Yangang میں سیاحتی مرکز کے ایک امدادی کیمپ میں انہوں نے نقد امداد، SGAY الاٹمنٹ آرڈر اور دیگر امدادی ساز و سامان تقسیم کیا۔ یہاں 10 جون کو چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے واقعہ میں تین افراد کی جانیں تلف ہوئیں تھیں اور مختلف مکانات تباہ اور مویشی ہلاک ہو گئے تھے۔ وزیراعلیٰ نے، جن کے مکانات تباہ ہو گئے ہیں، اُن کے ہر کنبے کے لیے ایک ایکڑ زرعی زمین اور پانچ لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے سڑکوں اور پُلوں سے متعلق محکمے کو ہدایت دی ہے کہ وہ Majua تک سڑک کو جلد سے جلد

بحال کرے۔ مختلف عہدیداران کے ہمراہ وزیراعلیٰ نے، متاثرہ کنبوں کے لیے حکومت کی جانب سے مکمل مدد کی یقین دہانی کرائی۔ سکم کے شمالی حصے میں خراب موسم کی وجہ سے وہاں پھنسے ہوئے سیاحوں کو آج ہیلی کاپٹر کے ذریعے نکالا نہیں جاسکا، تاہم کیرالہ کے 7 سیاحوں کو Dzongu سے پیدل محفوظ مقام تک لے جایا گیا۔ سیاحت کے وزیر Tshering Thendup Bhutia نے سیاحوں کو بحفاظت نکالنے کے دیگر منصوبوں کے سلسلے میں عہدیداران سے ملاقات کی۔ راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں لیکن سڑکوں پر رکاوٹوں کے سبب کچھ علاقوں تک رسائی ممکن نہیں ہو پارہی ہے۔ سڑکوں سے متعلق سرحدی تنظیم BRO بھاری مشینوں کا استعمال کر کے رکاوٹیں ہٹا کر سڑک رابطہ بحال کرنے کا کام کر رہی ہیں۔x

## G7 Statement

گروپ سات کے ملکوں نے اٹلی میں اپنی سالانہ سربراہ کانفرنس کے کل آخری دن، مشترکہ بیان میں، بقول اُن کے چین کے غیرمنصفانہ کاروباری طور طریقوں سے نمٹنے کا عہد کیا، جن کی وجہ سے اُن کے ورکروں اور صنعتوں کا نقصان ہو رہا ہے۔ جی 7 نے چین کے اُن مالی اداروں کے خلاف کارروائی کئے جانے کی وارننگ دی جنھوں نے یوکرین کے خلاف جنگ کیلئے ہتھیار حاصل کرنے میں روس کی مدد کی۔ بیان میں یہ بات زور دے کر کہی گئی ہے کہ جی 7 چین کو نقصان پہنچانے یا اُس کی اقتصادی ترقی کو ناکام بنانے کی کوشش نہیں کر رہا ہے بلکہ وہ غیرمنصفانہ طور طریقوں سے اپنے کاروبار کے تحفظ کیلئے کارروائی کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ گروپ سات کے ملکوں نے اپنے بیان میں بھارت-مغربی ایشیاء-یوروپ اقتصادی راہداری جیسے بنیادی ڈھانچے کے خصوصی پروجیکٹوں کی مدد کرنے کا بھی عہد کیا۔

جی 7 سربراہ کانفرنس کے رہنماؤں نے بین الاقوامی قوانین کے تحت ایک آزاد اور کھُلے بھارت بحرالکاہل کے اپنے عہد کو دُہرایا۔ جی 7 کے رہنماؤں نے یہ بھی کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی فلسطینیوں سے متعلق پناہ گزیں ایجنسی کو جنگ سے بدحال غزہ میں بلا رکاوٹ اپنا کام کرنے کی اجازت دی جانی چاہئے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ انتہائی ضروری ہے کہ اقوام متحدہ کی امداد اور کام سے متعلق ایجنسی اور اقوام متحدہ کی دوسری تنظیموں اور ایجنسیوں کو ضرورتمندوں تک امداد پہنچانے میں کوئی دشواری پیش نہ آئے۔ انھوں نے سبھی فریقوں سے زور دے کر کہا کہ وہ غزہ میں سویلین، خاص طور سے خواتین اور بچوں کیلئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد جلد سے جلد اور بلارکاوٹ پہنچانے میں سہولت پیدا کریں۔x

## Delhi Water BJP Congress

قومی راجدھانی دلی میں جاری پانی کے بحران کے پس منظر میں آج BJP اور کانگریس نے دلی حکومت کے خلاف علیحدہ علیحدہ مٹکی پھوڑ احتجاج کیا۔ دلی کی پانی کے محکمے کی وزیر آتشی کی رہائش گاہ کے باہر احتجاج کرتے ہوئے BJP ورکروں نے مبینہ طور پر کہا کہ دلی حکومت، شہر میں پانی کے بحران کو حل کرنے میں ناکام ہوگئی ہے۔ ایک نیوز ایجنسی سے بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے یہ بھی کہا کہ دلی حکومت کا تقسیم کا نظام مکمل طور پر ناکارہ ہے۔

S/B - 2100-Gajendra Singh Shekhawat

کانگریس نے بھی شہر کے 280 مقامات پر دلی حکومت کے خلاف مٹکی پھوڑ احتجاج کیا۔

دلی کانگریس کے صدر دویندر یادو کی قیادت میں مظاہرین نے دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا۔ اِس دوران دلی کے پانی کے محکمے کی وزیر آتشی نے دلی جل بورڈ کے عہدیداران کے ساتھ ایک ہنگامی میٹنگ کی اور پانی کے بحران کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے بعد میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دلی جل بورڈ ٹینکروں کے ذریعے تقریباً دس ملین گیلن یومیہ پانی فراہم کر رہا ہے۔x

## Haj

بھارت سمیت دنیا بھر کے 20 لاکھ سے زیادہ مسلمان فریضۂ حج ادا کرنے کیلئے آج سعودی عرب میں میدانِ عرفات میں جمع ہوئے، جو حج کا رکنِ اعظم ہے۔ عازمین نے وہاں توبہ استغفار کیا اور اپنے گناہوں کی معافی مانگی۔عازمین نے کل رات منیٰ میں گزاری تھی۔ انھوں نے مسجد نمرہ میں خطبۂ حج سنا اور ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کی۔سورج غروب ہونے کے بعد حجاج کرام مزدلفہ کیلئے روانہ ہوں گے جہاں وہ پوری رات کھلے آسمان کے نیچے عبادت میں گزاریں گے۔ کل صبح سویرے وہ منیٰ کیلئے روانہ ہوں گے جہاں بڑے شیطان کو کنکریاں ماریں گے، قربانی کریں گے۔اِس سال ایک لاکھ 75 ہزار سے زیادہ ہندوستانی مسلمان حج ادا کر رہے ہیں۔ اِن میں سے ایک لاکھ 40 ہزار افراد بھارت کی حج کمیٹی کے ذریعے جبکہ تقریباً 35 ہزار افراد، پرائیویٹ آپریٹروں کے ذریعے وہاں گئے ہیں۔اِس سال 5 ہزار سے زیادہ ہندوستانی خواتین محرم اور مرد سرپرست کے بغیر حج ادا کرنے گئی ہیں۔ x

## UP Eidul Azha

اترپردیش میں عیدالاضحیٰ کیلئے خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں۔ یہ تہوار 17 جون کو منایا جائے گا اور اس کی تیاری کے طور پر ریاست کے کئی حصوں میں مویشیوں کے عارضی بازار قائم کئے گئے ہیں۔ آکاشوانی کے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ لکھنؤ کے اسلامی مرکز نے مسلمانوں کو جانوروں کی قربانی کی تصاویر کو سوشل میڈیا پر اپ لوڈ نہ کرنے اور دیگر مذاہب کے افراد کے مذہبی جذبات کا احترام کرنے سے متعلق تفصیلی ایڈوائزری جاری کی ہے۔ مولانا خالد رشید فرنگی محلّی نے اعلان کیا ہے کہ 17، 18 اور 19 جون کو قربانی کی جائے گی۔

انھوں نے کہا کہ گذشتہ برسوں کی طرح اِمسال بھی ایسے جانوروں کی قربانی کی جانی چاہئے جس کی اجازت ہے اور اس بات کا خیال رکھا جانا چاہئے کہ عوامی مقامات، سڑک کے کنارے، گلی اور پارک میں قربانی نہ کی جائے۔

انھوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ نماز کی ادائیگی سڑکوں اور گلیوں کے بجائے صرف مسجدوں اور عیدگاہوں میں کی جائے۔x

## Fake Government Website

حکومت نے ایک فرضی ویب سائٹ کا پتہ لگایا ہے جو مبینہ طور پر سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کی

وزارت سے وابستہ ہے اور جس میں سرکاری نوکری دینے کی پیشکش کی گئی ہے اور جس کیلئے رجسٹریشن فیس کے طور پر 435 روپئے کی مانگ کی گئی ہے۔ حقائق کا پتہ لگانے والی PIB کی شاخ نے کہا ہے کہ مذکورہ ویب سائٹ کا حکومت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ سماجی انصاف اور تفویض اختیارات وزارت کی سرکاری ویب سائٹ ہے socialjustice.gov.in

## Hyderabad Graduation Ceremony

فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل وی آر چودھری نے آج فضائیہ میں شامل کئے گئے نئے افسروں سے کہا ہے کہ وہ خاص طور سے سائبر سیکٹر میں نئی ٹیکنالوجی اپنائیں اور جنگیں جیتنے کیلئے مہارت کا موثر طور پر استعمال کریں۔ حیدرآباد کے نزدیک ایئر فورس اکیڈمی Dundigal میں مشترکہ گریجویشن پریڈ کے بعد افسروں سے خطاب کرتے ہوئے فضائیہ کے سربراہ نے کہا کہ اب جنگیں آمنے سامنے نہیں لڑی جاتیں بلکہ یہ متنوع ہوگئی ہیں جس میں سائبر ٹیکنالوجی اہم کردار ادا کرتی ہے۔x

## Mumbai Film Festival MIFF 24

18ویں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا آج شام ممبئی میں شاندار آغاز ہوا۔ افتتاحی تقریب میں اطلاعات و نشریات کے وزیر مملکت ایل مروگن اور رندیپ ہڈا، مدھور بھنڈارکر، سونالی کلکرنی اور دیویا دتّا جیسی فلمی شخصیات بھی موجود تھیں۔ تقریب کے افتتاحی حصے کے طور پر FTII کے طلبا کی مختصر فلم ''Sunflowers were the first ones to know'' کی نمائش کی گئی۔ اس فلم کو اس سال کے 77 ویں Cannes فلم فیسٹیول میں LA CINEE ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ مشہور ایوارڈ یافتہ وائلڈ لائف فلم ساز Subbiah Nallamuthu کو 2024 کے وی شانتارام لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔

اس سال کے فلم فیسٹیول میں، 59 ممالک کی 61 زبانوں میں 314 فلموں کی نمائش کی جائے گی۔ اس میں 8 عالمی فلموں، 5 بین الاقوامی فلموں، 18 ایشیائی فلموں اور 21 بھارتی فلموں کا پریمیئر ہوگا۔

مقابلے کے زمروں میں، ریکارڈ تعداد میں ایک ہزار 18 فلمیں شامل کی گئی ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆